وڈیوکال کیسے کی جائے

مندرجہ ذیل ہدایات میں بتایا گیا ہے کہ ویڈیوکال کس طرح کی جاسکتی ہے استعمال کرکے

- واٹس ایپ
- اسکائپ
- زوم

نوٹ کریں: آپ کوپہلے واٹس ایپ، اسکائپ اور زوم ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت ہو گی۔

اسکائپ اور زوم کے استعمال کے لئے آپ کو اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت ہوگی۔

واٹس ایپ استعمال کرنے کے لئے آپ کو اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ ایپ براہ راست آپ کے فون نمبرسے منسلک ہے۔

ہدایات

۱۔ اپنے ڈیوائس پر واٹس ایپ کھولیں آئیکون پر کلک کرکے

۲۔ اسکرین کے نچلے حصے پر کالز آئیکون پرجائیں۔

۳۔ اوپرسیدھے ہاتھ کے کونے پر نیوکال کے آئیکون پرٹیپ کریں۔

۴۔ آپ جس کانٹیکٹ کو ویڈیو کال کرنا چاہتے ہیں اسے تلاش کریں۔

۵۔ کال شروع کرنے کے لئے ان کے نام کے ساتھ جوویڈیو کال کا آئیکون ہے اس پرٹیپ کریں۔

واٹس ایپ گروپ کال کیسے کریں

۱۔ اپنے ڈیوائس پر واٹس ایپ کھولیں آئیکون پر کلک کرکے۔

۲۔ اسکرین کے نچلے حصے پرکالز آئیکون پرجائیں۔

۳۔ اسکرین کے اوپر والے حصے پرسیدھے ہاتھ کے کونے پرنیو کال کے آئیکون پرٹیپ کریں۔

۴۔ اپنی کانٹیکٹ لسٹ کے اوپر نیو گروپ کال پر ٹیپ کریں۔

۵۔ اس کانٹیکٹ کو تلاش کریں اورمنتخب کریں جن کوآپ ویڈیو کال کرنا چاہتے ہیں۔

٦۔ گروپ کال شروع کرنے کے لئے سیدھے ہاتھ پرموجود ویڈیو کال آئیکون پرٹیپ کریں۔

اسکائپ پرکال کیسے کی جائے

١۔ اپنے ڈیوائس پراسکائپ کھولیں آئیکون پرکلک کرکے

٢۔ اس کانٹیکٹ کا نام تلاش کریں اورمنتخب کریں جسے آپ کال کرنا چاہتے ہیں۔

٣۔ کال شروع کرنے کے لئے آڈیو کے نشان پرٹیپ کریں۔

۴۔ اگر آپ ویڈیو کال کرنا چاہتے ہیں تو ویڈیو کال کے آئیکون پرٹیپ کریں۔

۵۔ اگر آ پ گروپ کال کرنا چاہتے ہیں تو پلس کے نشان پرکلک کریں اور دوسرے لوگوں کوایڈ کریں۔

زوم کال کیسے ہو

زوم کواستعمال کرنے کے دو آسان طریقے یہ ہیں:

- بطور آرگنائزر میٹنگ شیڈول کریں۔
- کسی اورکی اورگنائز کی گئی میٹنگ میں شرکت کریں۔

زوم کال کس طرح شیڈول کی جائے

۱۔ اپنے ڈیوائس پر زوم ایپ کھولیں آئیکون پرکلک کر کے

(اگر آپ انٹرنیٹ پر زوم استعمال کررہے ہیں تو آپ کو اپنا ای میل ایڈریس اورپاس ورڈ ڈالنے کی ضرورت ہوگی)

۲۔ شیڈول آئیکون پرٹیپ کریں۔ شیڈول میٹنگ کا پیج سامنے آ جائے گا۔

۳۔ میٹنگ کا نام ٹائپ کریں۔

۴۔ تاریخ، میٹنگ شروع ہونے کا وقت اوردورانیہ(کال کتنی لمبی ہوگی) منتخب کریں۔

۵۔ ٹائم بائے ڈیفالٹ لندن سیٹ ہوگا۔

٦۔ منتخب کریں اگر آپ میٹنگ دوبارہ کرنا چاہتے ہیں(مثلاً ہر ہفتے)

۷۔ ٹوگل آئیکون پر کلک کرکے آپ اپنی ذاتی آئی ڈی بھی استعمال کرسکتے ہیں یا میٹنگ کے لئے زوم کی جانب سے ایک مرتبہ استعمال کے لئے دیا گیا کوڈ استعمال کرسکتے ہیں۔



۸۔ پاس ورڈ میں میٹنگ پاس ورڈ آئیکون خود بخود آن ہوجائے گا کیونکہ پاس ورڈ پہلے سے سیوہوگا۔



۹۔ میٹنگ آپشنز اور ایڈوانسڈ آپشنز میں آپ کو پانچ آپشنز ملیں گے۔

ہوسٹ ویڈیو آن ---- اس کے ذریعے آپ انتخاب کرسکتے ہیں کہ آپ اپنی ویڈیو دکھانا چاہتے ہیں جب ویڈیو کال شروع ہو۔

میٹنگ میں شریک افراد کی ویڈیو آن ہو--- اگر آپ چاہتے ہیں کہ ویڈیو کال شروع ہونے پرمیٹنگ میں شریک تمام افراد کی ویڈیو آن ہوتو یہ آپشن استعمال کریں،

ویٹنگ روم کواستعمال کرنا--- اگرآپ ویڈیو کال میں شریک افراد کوکنڑول کرنا چاہتے ہیں تو ان ایبل ویٹنگ روم پر کلک کریں۔



ہوسٹ سے پہلے جوائن کرنے کی اجازت دینا--- شریک افراد کومیزبان سے پہلے میٹنگ جوائن کرنے کی اجازت دیجئیے۔

میٹنگ کی خودبخود ریکارڈنگ--- اگرآپ میٹنگ ریکارڈ کرنا چاہتے ہیں۔ (اس کے لئے تمام شرکا کی منظوری کی ضرورت ہوگی)

ایڈ ٹو کلینڈر۔۔۔ آپ کے ڈیوائس میں خودبخود میٹنگ ایڈ کرنے کے لئے۔اس کے لئے آپ کواجازت دینا ہوگی۔

۱۰۔ آڈیو پرانتخاب کریں آپ یوزرکوصرف ٹیلی فون کے ذریعے کال کی اجازت دے رہے ہیں،کمپیوٹرآڈیو یا پھر ٹیلی فون اور کمپیوٹر آڈیوکی۔

۱۱۔ آپشنزمیں آپ منتخب کرسکتے ہیں کہ کیا آپ میٹنگ کے لئے افراد کی پاس ورڈ کے ذریعے میٹنگ میں شرکت چاہتے ہیں۔ اگرآپ آپشن منتخب کرتے ہیں تو شرکا میٹنگ پاس ورڈ کے ذریعے میٹنگ جوائن کرسکتے ہیں۔

۱۲۔ کلینڈر پرآپ اپنا شیڈول ایڈ کرنے کے لئے کوئی بھی آپشن منتخب کرسکتے ہیں۔

۱۳۔ میٹنگ کوسیوکرنے کے لئے اسکرین کے اوپروالے حصے پردائیں کونے پرموجود ڈن پرکلک کیجیئے۔

۱۴۔ آپ ایڈ انوائٹیز وایا کے ذریعے اپنے پاس موجود مختلف ای میل اکاؤنٹس مثلاً جی میل اورآؤٹ لک کوایڈ کرسکتے ہیں۔ جن لوگوں کو انوائٹ کرنا چاہتے ہیں ان کا انتخاب کریں اورسینڈ کا بٹن دبائیں۔ میٹنگ میں شریک ہونے کے لئے منتخب افراد کومیٹنگ کی تفصیل اورپاس ورڈ پہنچ جائیگا۔

۱۵۔ جب میٹنگ شروع کرنا ہو تو اسکرین کے نچلے حصے پرموجود میٹنگز کا آئیکون دبائیں۔

۱٦۔ لسٹ میں اپنی میٹنگ تلاش کریں اوراسٹارٹ پرکلک کریں۔

زوم کال کس طرح جوائن کی جائے

۱۔ اپنے ڈیوائس پر زوم ایپ کھولیں۔

۲۔ جوائن اے میٹنگ پرکلک کریں---

۳۔ میٹنگ آئی ڈی یا پرسنل لنک درج کریں-- آپ نے جن تمام میٹنگزمیں شرکت کی ہے ان کا ڈراپ ڈاؤن مینیو دستیاب ہے۔

۴۔ جوائن میٹنگ پرٹیپ کریں۔

۵۔ آرگنائزر کی جانب سے ای میل میں موصول ہونے والا پاس ورڈ درج کریں۔



٦۔ آپ میٹنگ میں پہنچ جائیں گے۔ اب آپ زوم کرسکتے ہیں اپنے دوستوں اورفیملی کے ساتھ۔۔

ویڈیو آئیکون۔واضح ہوگا جب آن کیا جائیگا اور سرخ ہوگا یا یا اس پرلائن آئے گی جب بند کیا جائیگا۔



میوٹ آئیکون۔واضح ہوگا جب آن کیا جائیگا اور سرخ ہوگا یا لائن آئے گی جب بند ہوگا۔





تھری ڈاٹ آئیکون-ویڈیو کال کے دوران دیگرچیزوں کے لئے آپ کی مدد کرے گا جیسا کہ ٹیکسٹ چیٹ یا ہاتھ اٹھانا۔



۷۔ میٹنگ سے باہرجانے کے لئے اینڈ یا لیو پرکلک کیجئیے جواسکرین کے اوپرسیدھے ہاتھ پرموجود ہے۔

مزید تعاون

مانچسٹرڈیجیٹل چمپئینز کی جانب سے فون پرمعاونت

آپ کے پاس ایسا ڈیوائس ہے جوانٹرنیٹ سے کنیکٹ ہے؟

اس کے استعمال کے لئے مدد کی ضرورت ہے؟

ہمارے پاس ڈیجیٹل چیمپئینز کی ٹیم موجود ہے جوٹیلی فون پرمانچسٹرکے رہائشیوں کومدد فراہم کرے گی-پندرہ زبانوں میں کالزکی جاسکتی ہیں۔

0786 0064128 پرکال یا

digitalinclusion@manchester.gov.uk پرای میل کریں۔

اپنا نام بتائیں ہم آپ کوخود کال کریں گے اورمدد فراہم کریں گے۔

کووڈ۱۹ کےدوران رابطے میں رہیں

آن لائن آنے کے لئے اگرآپ کومدد اورسپورٹ کی ضرورت ہے توکمیونٹی کووڈ۱۹ سپورٹ ہیلپ لائن کے نمبر

0800 2346123 پرکال کریں

یا

digitalinclusion@manchester.gov.uk پرای میل کریں-

مزید معلومات کے لئے:

https://www.manchester.gov.uk/downloads/download/7239/stay_connected_through_covid-19_leaflets

---

This guide was produced in partnership with the following groups, networks and organisations:

buzz Manchester Health & Wellbeing Service
AGE FRIENDLY MANCHESTER
NHS Greater Manchester Mental Health NHS Foundation Trust
Women's VOICES MANCHESTER
Manchester Wellbeing Fund
MANCHESTER CITY COUNCIL

All information provided at time of writing and distribution is true and correct but may change without notice. We will endeavor to keep information updated each month. Please check out the website for the latest downloadable version: https://buzzmanchester.co.uk/

For further information about this guide, please email: simon.kitchin@gmmh.nhs.uk or lorna.dawson@gmmh.nhs.uk
[Version 7 Android_Urdu_October 2020]